## سوال

(459)قبر کو دوبارہ کھود کر بنانا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میرے والد صاحب تقریباً ڈیڑھ دو ماہ پہلے فوت ہوئے تھے۔ ان کی قبر اندر کی طرف گر گئی تھی۔ اور بکی سلیں میت کے اوپر گر گئی تھیں۔ ہم نے اس طرح قبر پر مٹی ڈال کر قبر صحیح حالت میں کردی۔ یہ تقریباً پندرہ روز پہلے کی بات ہے آپ سے سوال یہ ہے کہ کیا قبر کو دوبارہ کھود کر ان کے اوپر سے وزن اٹھا کر پھر دوبارہ قبر بنادی جائے یا ایسے ہی رہنے دیا جائے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

آپ کے والد صاحب مرحوم کی قبر جس حالت میں ہے اسی میں رہنے دیں تجدید کی ضرورت نہیں معاملہ اللہ کے سپرد کریں۔ اس کے ہاں نیکی وتقویٰ کی بنیاد پر بہت ہی آسانی وکشادگی موجود ہے اللہ تعالیٰ مرحوم کی قبر منور فرمائے۔ آمین!

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

# ج1ص753

محدث فتویٰ